04/04/2025
07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
اب آپ شیخ یا سین سے خبریں سُنئے
پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی بقاءکو یقینی بنانے کے لئے BIMSTEC کے رول کو کیا اُجاگر ۔

*........ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کاروائی غیر مُعینہ عرصے تک کے لئے ملتوی ۔

*........وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ کے ہا تھوں بادام واری سرینگر میں Almond Blossom فیسٹول کا آغاز۔

اور

*........ ڈی جی آکاشوانی ڈاکٹر پرگیہ پالیوال نے آکاشوانی سرینگر کے کام کاج کا لیا جائزہ// پروگراموں کے معیار میں مزید بہتری لانے پر دیا زور ۔

PM

وز یر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ عالمی بقاءکو یقینی بنانے کے لئے BIMSTEC ایک اہم فورم ہے اور اسے مزید مستحکم کرنے کی ضرورت ہے ۔ بنکاک میں آج چھٹے BIMSTEC اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے مختلف شعبوں میں اشتراک کو آگے بڑھانے کے لئے 21 نکات پر مبنی ایکشن پلان کی تجویز رکھی ۔
ممالک کے مابین تجارت کو فروغ دینے کی وکالت کرتے ہوئے BIMSTEC نریندر مودی نے چیمبر آف کامرس کے قیام کا اعلان کیا ۔ انہوں نے مختلف معاہدوں پر دستخط کئے BIMSTEC ممبر ملکوننے اجلاس کے اعلامیہ کو منظوری دی BIMSTEC جانے کا خیر مقدم کیا ۔ بعد میں ۔
وزیر اعظم دو ملکوں کے دورے کے دوسرے پڑاو پر آج سری لنکا روانہ ہو رہے ہیں، جہاں وہ سری لنکا کے صدر انورا کمارا بسا نائکے کے ساتھ دو طرفہ میٹنگوں میں شرکت کریں گے ۔

کابینہ

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقدہ اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دو ران ریلوے وزارت کے 18 ہزار 658 کروڑ روپے لاگت والے چار پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی ۔

پارلیمنٹ

وزیر اعظم نریند رمودی نے اجلاس کے حاشئے پر بنگلہ دیش ، بھوٹان اور میانمار کے لیڈروں کے ساتھ میٹنگ کی ۔
پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کاروائی آج غیر مُعینہ عرصے تک کے لئے ملتوی کر دی گئی ۔
اس کے ساتھ ہی اس سال 31 جنوری کو شروع ہوا بجٹ اجلاس اختتام پذیر ہوا ۔ اپنے اختتامی خطبے میں لوک سبھا کی سپیکر اوم برلا نے کہا کہ پارلیمنٹ میں بجٹ اجلاس کے دوران 118 فیصد کام کاج درج کیا گیا ۔
اس سے پہلے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا کہ راجیہ سبھا میں وقف ترمیمی بل 2025 پر 17 گھنٹے سے زیادہ بحث ہوئی ۔ انہوں نے کہا کہ اس بل پر لوک سبھا میں 14 گھنٹے تک بحث ہوئی ۔

بادام واری
فیسٹول2025 کا Almond Blossom وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج بادام واری سرینگر میں آغاز کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بادام کی کونپلیں پھونٹنے سے ہر طرف خشبو ہی خشبو بکھر جاتی ہے اور یہ کشمیر میں موسم بہار کی آمد کی عکاسی بھی کر تا ہے۔ اس فیسٹول کا انعقاد
محکم

---

ہ فلوریکلچر نے محکمہ سیاحت کے اشتراک سے کیا ہے۔آج وہاں وادی کے معروف گلوکاروں ݩ نے موسیقی کا ایک رنگا رنگ پروگرام پیش کیا۔
----Byte------
بعد میں ڈائریکٹر ٹور ازم کشمیر راجا یعقوب فاروق نے اس فیسٹول کے بارے میں کہا۔
--Raja Yaqoob)--Byte----

وزیر اعظم
وزیر اعظم نریندر مودی نے وقف ترمیمی بل کو پارلیمنٹ کی طرف سے منظور کئے جانے کو سماجی و اقتصادی انصاف ، شفافیت اور سب کی شمولیت والی ترقی کےلئے حکومت کی اجتماعی کوشش میں ایک اہم لمحہ قرار دیا ہے۔وزیر اعظم نے آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ کئی دہائیوں سے وقف نظام سے مسلم خواتین، غریب مسلمانوں اور پسماندہ مسلمانوں کے مفادات کو زک پہنچتا رہا ہے۔

میٹنگ
نیشنل کانفرنس اور اس کے اتحادی پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی کی ایک میٹنگ لیڈر عمر عبداللہ کی صدارت میں منعقد ہوئی جس دوران حکمرانی سے جڑے NCآج سرینگر میں مختلف معاملات کو زیر بحث لایا گیا ۔
میٹنگ کے بعد ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے کہا کہ میٹنگ میں دو قرار دادیں پاس کی گئیں جن میں حال ہی میں پارلیمنٹ میں پاس

کئے گئے وقف ترمیمی بل کی مذمت کرنا اور حکومت کو ملے بھاری عوامی مینڈیٹ کی قدر کرنے کی بات کہی گئی ہے۔ ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو تفصیلات دیتے ہوئے انہوں نے کہا ۔
-------BYTE --------

بی جے پی
بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما نے جموں میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ وقف ترمیمی بل سے لوگوں کو فائدہ ہو گا اور وقف جائیداد اور انکے فنڈس کے منصفانہ تصرف کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان رقومات کو تعلیم، طبی نگہداشت اور مذہبی مقاصد کےلئے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔انہوں نے لوگوں بالخصوص غریب مسلمان کو مبارکباد دی ہے۔ اس موقعے پر قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما بھی موجود تھے۔

روح اللہ
ممبر پارلیمنٹ آغا سید روح اللہ مہدی نے وقف ترمیمی بل پاس کئے جانے کی مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس بل کی وجہ سے بقول انکے اقلیتوں کے مفادات متاثر ہونگے۔ ایک بیان میں انہوں نے الزام لگایا کہ انہیں بل پر ہوئے بحث کے دوران بولنے کی اجازت نہیں دی گئی۔
ادھرآج وادی میں نماز جمعہ سے پہلے ائمہ نے یہ بل پاس کرنے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اس بل کا مقصد مسلمانوں کی ملی جائیدادوں کو ہڑپ کرنا اور دینی معاملہ میں بے جا مداخلت کرنا ہے۔

شاہین
جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے وقف ترمیمی بل کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بل مسلمان طبقے کے مفاد میں ہے۔ سمبل سوناواری میں ایک تقریب پر بولتے ہوئے انہوں نے الزام عائد کیا کہ نیشنل کانفرنس لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوئی ہے۔

بریک
یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

DG
آکاشوانی سرینگرمیں آج شمالی بھارت کے کمرشل براڈ کاسٹنگ مراکز کے افسروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس کی صدارت ڈی جی آکاشوانی ڈاکٹر پرگیہ پا لیوال گو ر نے کی۔اپنے کلیدی خطاب میں انہوں نے آکاشوانی کے پروگرامونکو مزید بہتر بنانے پر زور دیا ۔

کاسٹنگ ،آکاشوانی اوریجنلز اور ریڈیو، ٹی Pod انہوننے آکاشوانی کے جدید پلیٹ فارمز جیسے وی کا حوالہ دیتے ہوئے پروگرامونکا معیار جدید تقاضوں کے مطابق بڑھانے پر زور دیا ۔جبکہ آکاشوانی کے تاریخی ورثے کے اقدار کو بر قرار رکھنے کی تلقین کی ۔
انہوں نے میٹنگ میں موجود افسران کو ہدایت دی کہ وہ پروگرامونمیں نوجوانوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کو یقینی بنائیں ۔
ڈاکٹر پرگیہ پالیوال نے آکاشوانی کے مختلف کیندروں میں تکنیکی ہنرمند ی کو بہتر بنانے کی تاکید کی تاکہ پروگراموں کی پیشکش سامعین کیلئے نفع بخش بن سکے ۔
سیلز سنجے پرساد // آکاشوانی سرینگر کے سربراہ DDG اس موقعے پر پرسار بھارتی کے گربیندر سنگھ // شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر اور ادارے کے پروگرام ہیڈ غلام رسول آخون نے بھی خطاب کیا۔

جتیندر سنگھ

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر کے ہمراہ ملک میں ہی تیار کئے گئے پہلے ٹرینر ائر کرافٹ کا افتتاح کیا۔ یہ ائر کرافٹ نیشنل ایرو سپیس لیبارٹریز بنگلورو نے تیار کیا ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ خلاءکے شعبے میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد اب بھارت عالمی ہوا بازی کا ایک مرکز بن رہا ہے۔

منوج کمار

فلمی دنیا کے ایک معروف ادا کار اور ہدایت کار منوج کمار آج صبح ممبئی میں انتقال کرگئے ۔ ان کی عمر 87 برس تھی ۔ انہوں نے حب الوطنی کے موضوعات پر مبنی بہت ساری فلموں میں کام کیا جس کے لئے انہیں بھارت کمار کے نام سے بھی جانا جاتا تھا ۔ دہائیوں تک بھارتی سنیما میں بے مثال کام کرنے کے لئے انہیں پدم شری اور دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے بھی نوازا گیا تھا۔

-------Song Byte -------

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے منوج کمار کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔
لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی فلم ساز منوج کمار کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ منوج کمار نے اپنی بے مثال ادا کاری کی بدولت کروڑوں بھارتیوں کے دلوں میں جگہ بنا لی ہے ۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte............

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے وادی کے ایک معروف موسیقار دلیپ لنگو کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

---V/O---

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج سرینگر میں کئی عوامی وفود کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ انکی پارٹی سماج کے پسماندہ طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری لانے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سرکار اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے5 مہینوں کے دوران حکومت نے عوامی مفاد کے کئی اقدامات کئے۔

طارق ترقی

آکاشوانی نیوز سرینگر میں ڈپٹی ڈائریکٹر کے عہدے پر تعینات طارق راتھر کو جوائنٹ ڈائریکٹر کے طور ترقی دی گئی ہے۔ اس تعلق سے آج وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے باضابطہ طور ایک حکم نامہ جا ری کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ طارق راتھر اس وقت شعبہ خبر آکاشوانی سرینگرکے سربراہ کے طور پر اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں حکمرانی اور ترقی کے معیار کو بہتر بنانے کےلئے ایک سینٹر آف ایکسلینس قائم کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے اس موقعے پر کہا کہ جمونو کشمیر مصنوعی ذہانت کو بروئے کار لانے کے حوالے سے قومی سطح پر ایک مثال کے طور پر اُبھرنا چاہئے۔

کشمیر یونیورسٹی

یونیورسٹی آف کشمیر میں آج آل انڈیا انٹر یونیورسٹی پاور لِفٹنگ چمپئن شپ2025کا آغاز ہوا۔ امور نوجوان اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما اس موقعے پر مہمان ِخصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو کھیل کود کی سرگرمیوں میں شامل کرنے سے ایک طرف قومی یکجہتی کو تقویت حاصل ہو تی ہے اور دوسری طرف انہیں منشیات جیسی بدعات سے دور رکھنے میں بھی مدد ملتی ہے۔

حادثہ

کولگام ضلع کے میر بازار علاقے میں آج ایک سڑک حادثے میں دو خواتین اور تین بچے اس وقت زخمی ہوئے جب جموں سے سرینگر آ رہی ایک گاڑی ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر سے ٹکرا گئی ۔ Divider

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران مو سم
عام طور سے خشک رہنے کا امکان ہے۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا
کم سے کم درجہ حرارت 5اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل
رات کا کم سے کم درجہ حرارت16اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر13منٹ پراور
غروب آفتاب شام6بجکر55منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔
ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

...........................................
..............................
...................
........